7622-کافر کے ساتھ چرچ میں جانے کا وعدہ کرنا

سوال

کیا وعدہ خلافی گناہ ہے یا مباح ؟

مسئلہ یہ ہے کہ میں پانچ برس کے لیے ایک نئی ملازمت پر آیا ہوں میرا ایک نصرانی دوست ہے جس کی عمر پینتالیس برس ہے ، وہ میرے قریب ہونے اور نصرانیت و قرآن اور انجیل کے متعلق میرے ساتھ بات کرنے کی کوشش کرتا ہے ، پھر اس نے مجھے چرچ جانے کی دعوت دی تو میں نے موافقت کرتے ہوئے وعدہ کرلیا ، پھر مجھے خیال آیا کہ میں اس کے ساتھ چرچ میں نہ جاؤں اور اس کے ساتھ مناقشہ کرنے سے رک جاؤں کیا یہ صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ عبداللہ
بن جبرین حفظہ اللہ کے سامنے رکھا تو ان کا جواب تھا :

اس کے ساتھ چرچ جانا جائز نہیں،
کیونکہ ایسا کرنے میں اس چرچ کی تعظیم اور اس کا مقام ظاہر کرنا ہے ، اور شرک و
مشرکین کو دیکھنے کا باعث ہوگا ، اس کے لیے اس وعدہ کی وعدہ خلافی کرنا واجب و ضروری
ہے .

اور اس کافر کے لیے اس کا حکم بیان
کرنا ضروری ہے کہ اس نے وعدہ خلافی کیوں کی .